11-07-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS01

سرخیاں

۱۔وزیر اعظم مودی نے ہندوستانی تارکین وطن کو ہندوستان اور نیوزی لینڈ کی شراکت داری کا ایک اہم ستون قرار دیا۔

۲۔اشونی ویشنو نے حیدرآباد کو نیا ہائی اسپیڈ ریل ہب بنانے کا اعلان کیا۔

۳۔ایمریٹس انڈیا کے نائب صدر کی تلنگانہ میں آپریشنس کی توسیع کے لئے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے ملاقات۔

اور

۴۔کے ٹی آر کا وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کو اسمبلی تحلیل کرنے اور نئے انتخابات کا سامنا کرنے کا چیلنج۔

DUDILLA SRIDHAR BABU

تلنگانہ نے اپنے سیمی کنڈکٹر ایکوسسٹم کو بڑے پیمانہ پر فروغ دیتے ہوئے حیدرآباد کے ٹی ورکس میں ہندوستان کا پہلا کیمیکل میکانیکل پالشنگ پیڈ ٹکنالوجی ہب قائم کیا ہے۔وزیر آئی ٹی سریدھر بابو نے جاپان کی کمپنی ''توہوکو کی سیشا کوشو لمیٹڈ'' کے تعاون سے اس مرکز کا افتتاح کیا جس کا مقصد ویفر فیبریکیشن میں استعمال ہونے والے امپورٹڈ سی ایم پی پیڈز پر انحصار کم کرنا ہے۔وزیر موصوف نے بتایا کہ یہ ہب اسٹارٹ اپس اور محققین کو تکنیکی مدد اور تربیت فراہم کرے گا۔آئندہ دو سالوں میں ریاست اسٹریٹجک شراکت داری کے ذریعہ ان پرزوں کی مقامی سطح پر تیاری کو ممکن بنانے کا ارادہ رکھتی ہے جس سے تلنگانہ ایک ممتاز سیمی کنڈکٹر ہب بن جائے گا۔

DESK

ASHWINI VAISHNAW

وزیر ریلوے وآئی ٹی اشونی ویشنو نے آج حیدرآباد کو ایک بڑا ہائی اسپیڈ ریل ہب بنانے کے منصوبوں کا اعلان کیا ہے جس کے تحت شہر کو پونے، چینائی اور بنگلورو سے جوڑنے والی مجوزہ بلٹ ٹرین راہداریاں شامل ہیں۔حیدرآباد میں ایک صنعتی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہائی اسپیڈ ریل نیٹ ورک سفر کے وقت کو نمایاں طور پر کم کرے گا اور جنوبی ہند کے بڑے معاشی مراکز کے درمیان رابطوں کو مضبوط کرے گا۔ وزیر موصوف نے ہندوستانکے بڑھتے ہوئے الکٹرانکس اور سیمی کنڈکٹر سیکٹرس پر بھی روشنی ڈالی اور کہا کہ ملک نے 'AI-as-a-Service' ماڈل اپنایا ہے اور تلنگانہ الکٹرانکس مینوفیکچرنگ میں اہم کردارادا کررہا ہے۔انہوں نے کہا کہ گھریلو چپ ایکوسسٹم کو مضبوط بنانے کے لئے 315 یونیورسٹیوں میں سیمی کنڈکٹر ڈیزائن ٹولس متعارف کروائے گئے ہیں۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کہا کہ مرکز نے بلٹ ٹرین منصوبوں کے لئے پانچ ٹریلین روپے مختص کئے ہیں اور وہ تلنگانہ میں سکندرآباد اور ناملی کے بشمول 42 ریلوے اسٹیشنوں کو جدید بنارہا ہے۔انہوں نے آئی ٹی انڈسٹری پر زوردیا کہ وہ 2047 تک ایک ترقی یافتہ ہندوستانکے ویژن کی تائید کے لئے ورنگل اور کریم نگر جیسے ٹائر2 کے شہروں میں اپنی موجودگی کو وسعت دیں۔

HYDERABAD

JUPALLY

وزیرآبکاری اور ضلع آصف آباد کے انچارج جوپلی کرشناراؤ نے مقامی قائدین اور عہدیداروں کے ساتھ مانک گوڑہ، دھانورااور کومٹی گوڑہ میں کئی پنچایت اور وی او عمارتوں کا افتتاح کیا۔دھانورامیں پوڈو اراضی کے مسائل پر بات کرتے ہوئے وزیر موصوف نے واضح کیا کہ ان تنازعات کو صرف

مرکزی حکومت ہی حل کرسکتی ہے۔انہوں نے نشاندہی کی کہ آر او ایف آر ایکٹ غیر قبائیلیوں کو حقوق نہیں دیتا تاہم انہوں نے یقین دلایا کہ طویل عرصہ سے کاشتکاری کرنے والے چھوٹے کسانوں کو ہراساں نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے محکمہ جنگلات کے حکام کے ساتھ تال میل قائم کرنے کا وعدہ کیا۔ بعدازاں انہوں نے پارٹی کارکنوں پر زور دیا کہ وہ ریاست کے جاری پروگراموں کے تحت ووٹروں کے درست اندراج کو یقینی بنائیں۔

ASIFABAD

MAKE IN INDIA

وزیر ریل اشونی ویشنو نے ریلوے کی جدید کاری کی کوششوں کا جائزہ لینے کے لیے ضلع سنگاریڈی کے نندی گاما میں 375 ایکڑ پر پھیلی میدھا ریلوے کوچ کمپوننٹس مینوفیکچرنگ مرکز کا معائنہ کیا۔ میک ان انڈیا اقدام کے تحت خانگیا داروں کے فروغ کو اجاگر کرتے ہوئے وزیر موصوف نے ملازمین کی مہارتوں اور مینوفیکچرنگ کے عمل کو سمجھنے کے لئے ان سے بات چیت کی اور کمپنی کی جانب سے تیار کی جانے والی بغیر ڈرائیور کی گاڑی کا بھی معائنہ کیا۔اس فیلڈ وزٹ کے دوران تلنگانہ بی جے پی صدر رام چندر راؤ، مرکزی وزیر جی کشن ریڈی اور رکن پارلیمنٹ کونڈا وشویشور ریڈی کے ساتھ کمپنی کے نمائندے بھی ان کے ہمراہ تھے۔

Sangareddy

TRUST BOARD

یادادری بھونگیر ضلع کے یادگیر گٹہ میں واقع شری لکشمی نرسمہا سوامی مندر کے نومنتخب ٹیمپل ٹرسٹ بورڈ نے باقاعدہ طور پر مرکزی مندر کے اصل منڈپ کے سنہرے دروازے والے علاقہ کے اندر حلف اٹھایا۔ایم ستیہ نارائنا ریڈی نے چیرمین کے طور پر حلف لیا جبکہ ایم ایل اے ونو دوینکٹ سوامی، کے

سریکھا اور ٹرسٹ بورڈ کے دیگر ارا کین نے بھی حلف لیا۔وزیر کونڈا سریکھا نے ایم پی سی کرن کمار ریڈی اور گورنمنٹ وہپ بی ایلیا کے ہمراہ اس تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ضلع کلکٹر انوراگ جینتی، انڈومنٹ ڈائرکٹر ہنمنت راؤ اور مندر کے دیگر اعلیٰ عہدیداران بھی اس موقع پر موجود تھے۔

Yadadri Bhuvanagiri

PONNAM PRABHAKAR

ضلع سوریا پیٹ میں وزراء پونم پربھاکر اور اتم کمار ریڈی نے کوداڑ میں 17 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے ایک جدید آر ٹی سی بس اسٹیشن کا سنگ بنیاد رکھا۔وزیر پربھاکر نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ حکومت حکمت عملی کے تحت اہم علاقوں میں ٹرانسپورٹ کے انفراسٹرکچر کو اپ گریڈ کر رہی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ مہالکشمی اسکیم نے روزانہ لاکھوں خواتین کے لئے مفت سفر کو کامیابی کے ساتھ ممکن بنایا ہے جس سے ان کے اخراجات میں نمایاں کمی آئی ہے۔خواتین کو بااختیار بنانے اور ورک فورس کی فلاح و بہبود کے لئے انتظامیہ کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نئی بسوں کی خریداری اور روٹس کی توسیع کا مقصد ٹی ایس آر ٹی سی کو ملک کا سب سے بہترین پبلک ٹرانسپورٹ ادارہ بنانا ہے۔

Desk

GADDAM VAMSI KRISHNA

پداپلی کے ایم پی جی ومسی کرشنا نے تانڈور میں ایس آئی آر کے سروے میں شخصی طور پر حصہ لیا جہاں انہوں نے گھر گھر جا کر فارم پر کئے اور اس بات کو یقینی بنایا کہ اہل شہریوں کے ووٹنگ کے حقوق برقرار رہیں۔ ہر ووٹ کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے انہوں نے حکام پر زور دیا کہ وہ مکمل شفافیت برقرار رکھیں۔رکن پارلیمنٹ نے پلس پولیو پروگرام کے دوران بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کے لئے مقامی پرائمری ہیلت سنٹر کا بھی دورہ کیا۔

Desk

PONGULETI

وزیرِ مال پی سرینواس ریڈی نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ وہ 'بھو بھارتی ایکٹ' کو موثر طریقہ سے نافذ کرنے کے لئے ریاست بھر میں اراضیات کے دوبارہ سروے کو ترجیح دیں۔ کھمم سے ضلع کلکٹرس کے ساتھ ویڈیو کانفرنس کے دوران وزیر موصوف نے اس بات پر زور دیا کہ حکومت کا مقصد اس قانون کے ذریعہ کسانوں کے لئے اراضیات کے مکمل تحفظ کو یقینی بنانا ہے جس نے دھرانی پورٹل کی جگہ لی ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ منتخب علاقوں میں تجرباتی ری سروے کے ذریعہ اراضیات کے بیشتر تنازعات کامیابی سے حل ہوئے جس کے بعد تربیت یافتہ سرویئرس کے ذریعہ بڑے پیمانہ پر سروے شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ انہوں نے حکام کو اندراماں مکانات کیلئے مستحقین کے انتخاب کے عمل کو تیز کرنے کی ہدایت دی جس میں جھونپڑیوں میں رہنے والے خاندانوں کو ترجیح دی جائے۔

Khammam

RYTHU BHAROSA

بھدرادری کوتہ گوڑم کے ضلع کلکٹر انکت نے اعلان کیا ہے کہ رعیتو بھروسہ فنڈس کی تقسیم کا عمل مکمل ہو چکا ہے جس کے تحت 1,78,828 اہل کسانوں کے بینک کھاتوں میں 318.42 کروڑ روپے براہ راست جمع کرائے گئے ہیں۔ انہوں نے بینک حکام کو ہدایت کی کہ وہ ان فنڈس کو کسی بھی بقایا قرض یا سروس چارج کے عوض ایڈجسٹ نہ کریں تاکہ کسانوں کو بروقت کاشتکاری شروع کرنے کے لئے مکمل مالی امداد حاصل ہو سکے۔

B. Kothagudem

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی آر نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے معافی کا مطالبہ کرتے ہوئے شاہ آباد میں 6 افراد کے المناک قتل کا ذمہ دار حکومت کو ٹھہرایا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ یہ ہلاکتیں ریاستی نااہلی کا نتیجہ ہیں کیونکہ کمزور عدالتی دلائل کی وجہ سے ایک پوکسو ملزم ضمانت حاصل کرنے میں کامیاب رہا۔ کے ٹی آر نے کہا کہ مقتول کے خاندان نے ضمانت کے خلاف التجا کی تھی لیکن ان کے خدشات کو نظر انداز کر دیا گیا جس کی وجہ سے یہ واقعہ پیش آیا۔ ان واقعات کو ریاست کی سرپرستی میں ہونے والے قتل قرار دیتے ہوئے انہوں نے انتظامیہ پر خواتین کے تحفظ میں ناکام رہنے اور انصاف کے نظام پر عوام کے اعتماد کو ٹھیس پہنچانے کا الزام لگایا۔

Desk

HORRIFIC MURDER

ضلع رنگا ریڈی کے دیوالا گوڑہ میں ایک قتل کی واردات نے ہر کسی کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا جہاں 28 سالہ راجکمار نے اپنے خاندان اور ایک نابالغ لڑکی کے بشمول 6 افراد کو قتل کر دیا۔ مذکورہ نابالغ لڑکی نے ملزم کے خلاف پوکسو کا کیس درج کرایا تھا۔ ضمانت پر رہا ہونے کے بعد ملزم نے مبینہ طور پر نابالغ لڑکی، اس کی ماں اور نانی کے گلے کاٹ دیا اور پھر اپنے گھر واپس جا کر اپنی بیوی اور دو کمسن بیٹوں کو بھی قتل کر دیا۔ پولیس معاملہ کی تحقیقات کر رہی ہے۔

DESK

LAUNCH EMIRATES

ایمریٹس انڈیا کے نائب صدر محمد سرہان نے ایرلائن کی خدمات کے 25 سال مکمل ہونے کے موقع پر جوبلی ہلز میں وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران نائب صدر نے حیدرآباد

میں امارات کی A-380 خدمات شروع کرنے کے لئے آمادگی کا اظہار کیا۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے پروازوں کی تعداد میں اضافہ کی درخواست کی اور ایرلائن کو تلنگانہ میں قائم ہونے والے دو نئے ایرپورٹس پر ایم آر او آپریشنس شروع کرنے کی دعوت دی، ساتھ ہی انہوں نے حکومت کی جانب سے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ وزیر اعلیٰ نے امارات سے گچی باؤلی اسپورٹس یونیورسٹی میں کھلاڑیوں کی تربیت کو اسپانسر کرنے کی اپیل کی جس پر ایرلائن کے نمائندہ نے مثبت ردعمل کا اظہار کیا۔

DESK

TELANGANA BHAVAN:

تلنگانہ بھون میں ایک پریس کانفرنس کے دوران بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی آر نے دعویٰ کیا ہے کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کا دوبارہ منتخب ہونا ناممکن ہے کیونکہ خود وزیر اعلیٰ کے اندرونی سروے کے مطابق بی آر ایس 78 نشستوں کے ساتھ کامیابی حاصل کر رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ کو چیلنج کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اگر انہیں اپنی حکمرانی پر بھروسہ ہے تو وہ اسمبلی تحلیل کریں یا پارٹی تبدیل کرنے والے ایم ایل ایز کے حلقوں میں ضمنی انتخابات کرائیں۔ کے ٹی آر نے انتظامیہ کے واٹر مینجمنٹ پر شدید تنقید کرتے ہوئے الزام لگایا کہ حکومت کنے پلی میں دستیاب گوداوری کا پانی پمپ کرنے میں ناکام رہی اور سیاسی مخاصمت کی وجہ سے جان بوجھ کر مصنوعی خشک سالی پیدا کر کے تلنگانہ کے کسانوں کے مفادات کے خلاف کام کر رہی ہے۔

DESK

HARISH RAO

سابق وزیر وایم ایل اے ہریش راؤ نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے موجودہ پانی کی قلت کو سیاسی بدنیتی کی وجہ سے پیدا کردہ ایک مصنوعی خشک سالی قرار دیا ہے۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ دریائے گوداوری میں وافر مقدار میں پانی کی موجودگی کے باوجود حکومت کنے پلی پمپ چلانے سے انکار کررہی ہے جس کی وجہ سے ہزاروں ایکڑ اراضی آبپاشی سے محروم ہے۔انہوں نے انتظامیہ پرزور دیا کہ وہ کسانوں کی مدد کے لئے کالیشورم پراجکٹ کوفوری طور پر سرگرم کرے۔

SIDDIPET

PM

وزیراعظم نریندر مودی نے آکلینڈ میں ہندوستانی تارکین وطن کے 10 ہزار سے زائد افراد کے پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انہیں ہندوستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان بڑھتی ہوئی شراکت داری کا ایک اہم ستون قرار دیا۔گزشتہ چار دہائیوں میں کسی بھی ہندوستانی وزیراعظم کے اس پہلے دورہ کے موقع پرانہوں نے اس بات پر زور دیا کہ دوطرفہ تعلقات مشترکہ اقدار، باہمی یادوں اور بلندیوں کو چھونے کے عزم پرٹھہرے ہیں۔ نیوزی لینڈ کے وزیراعظم کرسٹوفرلکسن نے بھی اس تقریب میں شرکت کی اور نیوزی لینڈ۔انڈیا فری ٹریڈ اگریمنٹ کے ذریعہ مضبوط ہونے والے اسٹراٹیجک اور معاشی تعلقات کی اہمیت کو اجاگر کیا۔لکسن نے دنیا بھر میں ہندوستان کے بڑھتے ہوئے وقار، مودی کی قیادت اور نیوزی لینڈ کی ترقی میں ہندوستانی طبقہ کے تعاون کی ستائش کی اور دوطرفہ تعاون کی نئی راہوں کو تلاش کرنے کے لئے دونوں ممالک کے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا۔

NSD

OO